بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار التکمیلی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأہل السنۃ باکستان

شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للطالبات الموافق سنة ١٤٣٨ ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الأولى: لصحيح البخاري** | مجموع الأرقام: ١٠٠

نوٹ۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: ۔ان عبد اللہ بن عباس اخبرہ ان ابا سفین بن حرب اخبرہ ان هرقل ارسل اليه في ركب من قريش وكانوا تجارا بالشام في المدة التي كان رسول اللہ ﷺ مادّ فيها أبا سفين وكفار قريش فاتوه وهم بايليا فدعاهم في مجلسه وحوله عظماء الروم ثم دعاهم ودعا ترجمانه فقال ايكم اقرب نسبا بهذا الرجل الذي يزعم أنه نبي (الخ)

(۱) حدیث شریف کے مذکورہ حصے کا ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ ہرقل نام ہے یا لقب؟ ۲۰

(۲) سفیان سے ہرقل کے جو سوالات کیے وہ جوابات سمیت تحریر کریں۔ نیز حدیث کی باب کے ساتھ مناسبت بھی لکھیں۔ ۲۰

سوال نمبر 2: ۔ عن جابر قال قضى النبي ﷺ بالعمرى أنها لمن وهبت له۔

(۱) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) عمری اور رقبی کی وضاحت کرنے کے بعد انکا حکم سپرد قلم کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 3: ۔ عن عائشة ان رسول اللہ ﷺ دخل عليها مسرورا تبرق اسارير وجهه فقال الم تسمعي الى ما قال المدلجي لزيد واسامة ورأى أقدامهما ان بعض هذه الاقدام من بعض

(۱) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں نیز اسارير کا معنی اور اعراب تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) حدیث مبارکہ کی تشریح وتوضیح تحریر کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت اس انداز سے کریں کہ اسکا مفہوم اور رسول اللہ ﷺ کی خوشی کا سبب معلوم ہو جائے۔ ۲۰

سوال نمبر 4: ۔ عن عمران بن حصين قال قال رسول اللہ ﷺ خير امتي قرني ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم

(۱) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کلمہ کے بارے میں بتائیں کہ ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے؟ ۱۰

(۲) فضائل صحابہ پر ایک مضمون قلمبند کریں۔ ۲۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار التکمیلی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأہل السنۃ باکستان

شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للطالبات الموافق سنة ۱۴۳۸ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الثانية: لصحیح مسلم | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ عن ابی هریرة ان النبی ﷺ قال لا یزنی الزانی حین یزنی وهو مؤمن ولا یسرق حین یسرق وهو مؤمن ولا یشرب الخمر حین یشربها وهو مؤمن والتوبة معروضة بعد

(۱) حدیث مبارکہ کا ترجمہ کریں نیز "والتوبة معروضة بعد" کا مفہوم بیان کریں۔ ۲۰

(۲) گناہ کبیرہ کا مرتکب مؤمن رہتا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں اختلاف مع الدلائل سپرد قلم کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 2:۔ عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ ﷺ من اتی هذا البیت فلم یرفث ولم یفسق رجع کما ولدته امه

(۱) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۲) خط کشیدہ الفاظ کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں نیز بتائیں کہ عمرہ کرنا واجب ہے یا سنت؟ احناف و شوافع کا مذہب تحریر کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 3:۔ عن ام الفضل عن النبی ﷺ قال لا تحرم الاملاجة والاملاجتان

(۱) حدیث شریف کا ترجمہ کرنے کے بعد مذکورہ مسئلہ کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(۲) زیادہ سے زیادہ مدت رضاعت کے بارے میں ائمہ مجتہدین کے اقوال مع الدلائل تحریر کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 4:۔ ان رجلا من الانصار جاء الی النبی ﷺ فقال یا رسول اللہ ارأیت رجلا وجد مع امرأته رجلا وذکر الحدیث بقصته وزاد فیه فتلاعنا فی المسجد وانا شاهد وقال فی الحدیث فطلقها ثلاثا قبل ان یأمره رسول اللہ ﷺ ففارقها عند النبی ﷺ فقال النبی ﷺ ذاکم التفریق بین کل متلاعنین

(۱) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) لعان کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کرنے کے بعد لعان کا طریقہ سپرد قلم کریں۔ ۲۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار التکمیلی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأہل السنة باکستان

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للطالبات الموافق سنة ۱۴۳۸ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الثالثة: لجامع الترمذی | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ (۱) امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی تفصیلاً سپرد قلم کریں۔ ۱۵

(۲) جامع ترمذی کی خصوصیات اور صحاح ستہ میں اسکا مقام تحریر کریں۔ ۱۵

(۳) امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کے قول "هذا الحديث اصح شیء" اور "هذا حديث حسن صحيح" سے انکی مراد واضح کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:۔ عن عبد اللہ بن عمر ان النبی ﷺ قال لا یاکل احدکم بشماله و لا یشرب بشماله فان الشیطان یاکل بشماله ویشرب بشماله

(۱) حدیث شریف کا ترجمہ سپرد قلم کریں، نیز کھانے کے آداب تحریر کریں۔ ۱۵

(۲) حدیث کے آخری حصہ "فان الشیطان۔۔۔۔۔۔" کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مراد واضح ہو جائے۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔ عن انس ان النبی ﷺ نهی ان یشرب الرجل قائما فقیل الاکل قال ذاک اشد

(۱) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۵

(۲) کھڑے ہو کر پینے سے نہی کراہت تحریمی پر محمول ہے یا تنزیہی پر؟ اپنا موقف مع الدلیل قلمبند کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:۔ سأل رجل البراء بن عازب أكان وجه رسول اللہ ﷺ مثل السیف قال لا بل مثل القمر

(۱) رسول اللہ ﷺ کے رخ انور کو تلوار کی مثل قرار نہ دینے اور چاند کی مثل قرار دینے کی حکمتیں سپرد قلم کریں۔ ۱۵

(۲) شمائل ترمذی کی روشنی میں نبی اکرم نور مجسم ﷺ کے حسن و جمال پر ایک مضمون تحریر کریں۔ ۱۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار التکمیلی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأہل السنة باکستان

شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للطالبات الموافق سنة ١٤٣٨ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات	الورقة الرابعة: لسنن أبی داؤد	مجموع الأرقام: ١٠٠

نوٹ۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده ان رجلا اتی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقال انی فقیر لیس لی شیء ولی یتیم قال فکل من مال یتیمک غیر مسرف ولا مبادر ولا متأثل

(۱) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور وصیت کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔ ۲۰

(۲) وصیت کے لکھنے کا شرعی طریقہ بیان کریں نیز خط کشیدہ الفاظ کی وضاحت کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 2:۔ عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا تحلفوا بآبائکم ولا بأمهاتکم ولا بالانداد ولا تحلفوا الا باللہ ولا تحلفوا باللہ الا وانتم صدقون

(۱) حدیث مبارک کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۲) غیر اللہ کی قسم اٹھانا کیسا ہے؟ نیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، کعبہ اور ملائکہ کی قسم اٹھانے کے بارے میں آپ کیا کہتی ہیں؟ تحریر کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 3:۔ ان اباهریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یتقارب الزمان وینقص العلم وتظهر الفتن ویلقی الشح ویکثر الهرج قیل یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایة هو قال القتل القتل

(۱) حدیث شریف کا ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ اس حدیث شریف میں کن کن فتنوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ وضاحت کریں۔ ۱۰

(۲) حدیث میں ذکر کیے گئے فتنوں کے علاوہ کوئی دو فتنے تفصیلاً سپرد قلم کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 4:۔ عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان امامکم حوضا ما بین ناحیتیه کما بین جرباء واذرح۔

(۱) حدیث مبارک کا ترجمہ و تشریح قلمبند کریں۔ ۱۰

(۲) جرباء اور اذرح کی وضاحت کریں۔ نیز حوض کوثر کی لمبائی چوڑائی کے بارے میں مختلف روایات کے درمیان تطبیق بیان کریں۔ ۲۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار التکمیلی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأہل السنة باکستان

شہادة العالمیة فی العلوم العربیة والإسلامیة "السنة الثانیة" للطالبات الموافق سنة ١٤٣٨ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات — الورقة الخامسة: لسنن النسائی، و ابن ماجة — مجموع الأرقام: ١٠٠

نوٹ۔ دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ..... سنن النسائی

سوال نمبر 1:۔ عن قتادة ان انسا حدثهم ان النبی ﷺ کان یطوف علی نسائه فی اللیلة الواحدة وله یومئذ تسع نسوة

(١) حدیث شریف کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں۔ ١٠

(٢) جب نبی اکرم ﷺ نے اپنی بیویوں کے درمیان باری تقسیم کی ہوئی تھی تو یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ ایک بیوی کی باری میں دوسری ازواج مطہرات کے پاس گئے ہوں؟ جواب تفصیلاً سپرد قلم کریں۔ ١٥

سوال نمبر 2:۔ ان ابان بن عثمان قال سمعت عثمان بن عفان رضی اللہ عنه یقول قال رسول اللہ ﷺ لاینکح المحرم ولاینکح ولایخطب

(١) حدیث شریف کا اردو میں ترجمہ سپرد قلم کریں۔ ١٠

(٢) حالت احرام میں نکاح کے جواز وعدم جواز کے بارے میں اختلاف ائمہ مع الدلائل تحریر کریں۔ ١٥

سوال نمبر 3:۔ عن عمران بن حصین ان رسول اللہ ﷺ قال لا جلب ولا جنب ولا شغار فی الاسلام ومن انتهب نهبة فلیس منا

(١) حدیث پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ١٠

(٢) نکاح شغار کی تعریف اور حکم بیان کریں نیز جلب اور جنب کی وضاحت قلمبند کریں۔ ١٥

القسم الثانی ..... سنن ابن ماجة

سوال نمبر 4:۔ عن ابی هریرة قال کان من دعاء النبی ﷺ اللّٰهم انی اعوذبک من علم لاینتفع ومن دعاء لایسمع ومن قلب لایخشع ومن نفس لاتشبع

(١) حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ١٠

(٢) حدیث شریف کی تشریح اس انداز سے کریں کہ خط کشیدہ امور سے پناہ مانگنے کی وجوہات واضح ہو جائیں۔ ١٥

سوال نمبر 5:۔ عن عائشة قالت قال رسول اللہ ﷺ الماهر بالقرأن مع السفرة الکرام البررة والذی یقرؤه یتعتع فیه وهو علیه شاق له اجران اثنان

(١) حدیث شریف کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں۔ ١٠

(٢) خط کشیدہ سے کون مراد ہیں؟ نیز بتائیں کہ حدیث میں مذکور اول افضل ہے یا ثانی؟ ١٥

سوال نمبر 6:۔ عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ ﷺ قام خطیبا فکان فیما قال الا لایمنعن رجلا هیبة الناس ان یقول بحق اذا علمه قال فبکی ابو سعید وقال قد واللہ رأینا أشیاء فهبنا

(١) حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ١٠

(٢) یہاں امر عزیمت کیلئے ہے یا وجوب کیلئے؟ نیز بتائیں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہاں حق بیان کرنے سے خاموش رہے؟ ١٥

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار التکمیلی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأہل السنۃ باکستان

شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للطالبات الموافق سنة ١٤٣٨ ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة السادسة: لشرح معاني الآثار | مجموع الأرقام: ١٠٠

نوٹ۔سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ عن سالم عن ابيه قال رأيت رسول الله ﷺ اذا افتتح الصلٰوة يرفع يديه حتى يحازی منكبيه واذا اراد ان يركع وبعدما يرفع ولا يرفع بين السجدتين

(١) حدیث مبارک کا ترجمہ کریں اور ثابت ہونے والے مسئلے کی وضاحت کریں۔ ٢٠

(٢) رفع یدین کے بارے میں اختلاف ائمہ، قائلین رفع یدین کے دلائل اور احناف کی طرف سے انکے جوابات تحریر کریں۔ ٢٠

سوال نمبر 2:۔ عن ابی مجلز قال سألت ابن عباس عن الوتر فقال سمعت رسول الله ﷺ يقول ركعة من أخر الليل

(١) اعراب لگائیں اور حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ١٠

(٢) وتروں کی تعداد رکعات کے بارے میں کتنے اور کونسے مذاہب ہیں؟ مذہب احناف کی ترجیح دلائل نقلیہ اور نظر طحاوی سے بیان کریں۔ ٢٠

سوال نمبر 3:۔ ان أبا الصهباء قال لابن عباس أتعلم ان الثلاث كانت تجعل واحدة على عهد رسول الله ﷺ وابی بكر وثلاثا من امارة عمر قال ابن عباس نعم

(١) مذکورہ حدیث کا ترجمہ تحریر کریں۔ ١٠

(٢) اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں بیک وقت دے تو تینوں طلاقیں واقع ہوجائیں گی یا ایک؟ اس بارے میں احناف کا مذہب، انکے دلائل اور فریق مخالف کے دلائل کے جوابات تحریر کریں۔ ٢٠

سوال نمبر 4:۔ عن رباح قال اتيت عثمان بن عفان فقال ان رسول الله ﷺ قضى ان الولد للفراش

(١) حدیث کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغہ حل کریں۔ ١٠

(٢) کسی عورت کے ہاں بچہ پیدا ہونے کے بعد اسکا خاوند بچے کی نفی کر دے تو لعان ہوگا یا نہیں؟ مسئلہ کی وضاحت اس طرح کریں کہ احناف کا مذہب مع الدلائل واضح ہوجائے۔ ٢٠